CAREERINDIA

**SET-3**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 251/3**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد 8 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 24 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔ 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **24** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

www.careerindia.com

# معاشیات

# ECONOMICS

## (Urdu Version)

وقت : ۳ گھنٹے | کل نمبر: ۸۰

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum Marks : 80*

CAREERINDIA

## عام ہدایات:

(i) دونوں سیکشنوں کے سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے لیے مخصوص نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 4 اور 13 سے 16 تک نمبر کے سوال بہت چھوٹے جواب والے سوالات ہیں اور ایک ایک نمبر کے ہیں۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب ایک ایک جملے میں دیا جا سکتا ہے۔

(iv) سوال نمبر 5 سے 6 اور 17 سے 18 تک چھوٹے جواب والے سوالات ہیں۔ ان میں سے ہر سوال کا جواب 60 الفاظ تک ہو سکتا ہے۔ یہ سوال تین تین نمبروں کے ہیں۔

(v) سوال نمبر 7 سے 9 اور 19 سے 21 تک بھی چھوٹے جواب والے سوالات ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کا جواب 70 الفاظ تک کا ہو سکتا ہے۔ یہ سوال چار چار نمبروں کے ہیں۔

(vi) سوال نمبر 10 سے 12 اور 22 سے 24 تک ہر سوال چھ نمبر کا ہے۔ اور اس کا جواب عام طور پر 100 الفاظ کا ہو سکتا ہے۔

(vii) آپ کے ہر سوال کا جواب مختصر اور صحیح ہونا چاہیے اور مقرر بالا حد کے اندر ہونا چاہیے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

## حصّہ ۔ A

**1**۔ جب حاشیائی پیداوار گھٹتی ہے تو کل پیداوار:

(درست متبادل کا انتخاب کیجیے) 1

(a) گھٹتی ہے

(b) بڑھتی ہے

(c) بڑھ سکتی ہے اور گھٹ سکتی ہے

(d) ٹھہری رہتی ہے

**2**۔ قلت (Scarcity) کے مسئلے سے آپ کیا سمجھتے ہیں۔ 1

**3**۔ لاگت کی تعریف کیجیے۔ 1

**4**۔ جب اوسط لاگت (AC) گھٹتی ہے تو حاشیائی لاگت (MC) : 1

(درست متبادل کا انتخاب کریں)

(a) گھٹتی ہے

(b) بڑھتی ہے

(c) گھٹ سکتی یا بڑھ سکتی ہے

(d) نہ گھٹتی ہے نہ بڑھتی ہے

**5**۔ سامان کی اپنی قیمت کے بجائے کسی فرد کی طرف سے مانگ کے کوئی تین تعینی عناصر (Determinants) بیان کیجیے۔ 3

www.careerindia.com

CAREERINDIA

6۔ جزوی معاشیات اور کُلّی معاشیات میں امتیاز کیجیے۔ ہر ایک کی کوئی مثال دیجیے۔ 3

یا

پیداوار کے امکانات کا منحنی کیا ظاہر کرتا ہے۔ کیا اپنی جگہ بدل سکتا ہے؟ کب؟۔

7۔ 'پرائس فلور' کیا ہے؟ اس کے مضمرات کی وضاحت کیجیے۔ 4

8۔ اگر کسی چیز کی قیمت میں 10% زیادتی ہونے پر بھی چیز کی مانگ میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔ ایسی حالت میں مانگ وکر کے پر اروپ پر رائے دیں۔ 4

9۔ جزوی معاشیات میں ریونیو کیا ہے۔ حاشیائی ریونیو اور اوسط ریونیو میں کیا رشتہ ہے؟ مناسب ڈائگرام اور فہرست کا استعمال کیجیے۔ 4

یا

رسد کی تعریف کیجیے، سپلائی میں اضافہ اور سپلائی میں توسیع کے درمیان امتیاز کیجیے۔

10۔ کُل پیداوار منحنی کی مدد سے متغیّر تناسبات (Variable proportions) کے اصول کی وضاحت کیجیے۔ ڈائگرام استعمال کیجیے۔ 6

***نوٹ : مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلبا کے لیے سوال نمبر 10 کے بدلے :***

ٹوٹل پروڈکٹ شیڈول کی مدد سے متغیّر تناسبات کے اصول کی وضاحت کیجیے۔ 6



www.careerindia.com

CAREERINDIA

11۔ مکمل مقابلے کی چار خصوصیات بتائیے اور بحث کیجیے۔ 6

12۔ کوئی صارف صرف دو سامان X اور Y استعمال کرتا ہے۔ تجزیہ افادیت کی مدد سے صارف کے توازن (Consumer's equilibrium) کی حالتوں کی وضاحت کیجیے۔ 6

یا

(Indifference curve) کی تین خصوصیات کی وضاحت کیجیے۔

## حصّہ۔B

13۔ اگر اوسط کھپت پروپینسٹی (Propensity) کی قیمت 0.75 ہے، تو اوسط بچت پروپینسٹی کی قیمت ۔۔۔۔۔۔ ہوگی۔ 1

14۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سی ذمہ داری سینٹرل بینک کی نہیں ہے: (درست متبادل کا انتخاب کیجیے) 1

(a) حکومت کے لیے بینک کاری کی سہولتیں

(b) عوام کے لیے بینک کاری کی سہولتیں

(c) حکومت کو قرض دیا جانا

(d) تجارتی بینکوں کو قرض دیا جانا

15۔ اگر ضارب (Money multiplier) 20% ہو تو لیگل ریزرو تناسب کیا ہوگا ؟۔ 1

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**16۔** حقیقی قومی آمدنی بڑھنے کے ساتھ لوگوں کی فلاح وبہبود : 1

(درست متبادل کا انتخاب کریں)۔

(a) بڑھتی ہے

(b) گھٹتی ہے

(c) غیر تغیر شدہ رہتی ہے

(d) مندرجہ بالا میں سے کوئی نہیں

**17۔** اگر کسی خیالی اکنامی کا استعمال فنکشن۔ 3

$C = 100 + 0.6\ Y$; تب

(i) اُس اکنامی میں محدود صرف اور محدود بچت کا حساب کیا ہوگا؟

(ii) کورس پونڈنگ سیونگ فنکشن لکھیے۔

**18۔** مندرجہ ذیل میں سے کون سی اشیاء سرمایہ (Consumer Goods) اور

کون سی اشیاء صرف (Capital Goods) ہیں، اور کیوں؟۔ 3

(a) ٹیکس کے طور پر استعمال ہونے والی کار

(b) کسی ہوٹل کا ریفریجریٹر

(c) کسی گھر کا ایئر کنڈیشنر

**یا**

انٹرمیڈیٹ کنزپشن کی تعریف کیجیے اور ایک مثال سے اُس کی وضاحت کیجیے۔ یہ فائنل کنزپشن سے مختلف کس طرح ہے ؟۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

19۔ اصل کاری انوسٹمنٹ ملٹی پلائر کیا ہے، کسی عددی مثال کی مدد سے اس کے طریقۂ کار کی وضاحت کیجیے۔ 4

20۔ سینٹرل بینک کے اختیار کردہ کریڈٹ کنٹرول کے کنہی دو طریقوں کا مطلب بتائیے۔ 4

**یا**

سینٹرل بینک کا ''بینک آف اِشو'' کام کی وضاحت کیجیے۔

21۔ کسی معیشت میں قومی آمدنی کی وضاحت بجٹ اور اصل کاری کے طریقے کی مدد سے کیجیے۔ ڈائگرام استعمال کیجیے۔ 4

*نوٹ : مندرجہ ذیل سوال صرف نابینا طلباء کے لیے سوال نمبر 21 کے بدلے :*

بچت اور جمع اُپاگم کے ذریعہ اکنامی میں نیشنل آمدنی کا تعین ٹھیک فہرست کے ذریعہ سمجھائیے۔ 4

22۔ کسی لچکدار مبادلاتی شرح کے نظام میں شرح مبادلہ کا تعین کیسے ہوتا ہے ؟ قومی آمدنی پر شرح مبادلہ کے بڑھنے کے اثر کی وضاحت کیجیے۔ 2,4

23۔ کسی سرکاری بجٹ میں مندرجہ ذیل کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے : 6

(a) ریونیو اکسپنڈ یچر اور کیپٹل اکسینڈ یچر

(b) اساسی خسارہ اور مالیاتی خسارہ

**یا**

سرکاری بجٹ میں ریونیو آمدنی اور کیپٹل آمدنی کے درمیان وضاحت کیجیے۔ ان کے کمپونیٹس (Componets) بتائیے

www.careerindia.com

CAREERINDIA

**24۔** (a) بازار قیمت پر مجموعی گھریلو پیداوار اور (b) قومی آمدنی کا حساب لگائیے : 3,3

*(روپے کروڑوں میں)*

| | | |
|---|---|---|
| (i) | سرکاری فائنل کنزمپشن خرچ | 4,000 |
| (ii) | نجی فائنل کنزمپشن خرچ | 3,500 |
| (iii) | خالص گھریلو سرمائے کی تشکیل | 1,100 |
| (iv) | خالص درآمدات | 500 |
| (v) | بیرون ملک سے خالص عامل آمدنی | 100 |
| (vi) | خالص بالواسطہ ٹیکس | 300 |
| (vii) | معاشی مدد | 40 |
| (viii) | اسٹاک میں تبدیلی | 80 |
| (ix) | قائم سرمائے کی کھپت | 120 |

www.careerindia.com